# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: فلسفہ عبادات اور تزکیہ نفس(2966)　　　سمسٹر: خزاں،2026ء

سطح: بی ایس(علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

سوال نمبر 1۔ اسلام میں زکٰوۃ کی حیثیت بطور جامع عبادت تفصیل سے بیان کریں اور وضاحت کریں کہ زکٰوۃ کس طرح عقائد، عبادات، اخلاق اور معاشرتی نظام پر اثرانداز ہوتی ہے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ طہارت کے وجوب کی شرائط بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ نماز وقت کی پابندی، نظم و ضبط اور شخصیت سازی میں کیا کردار ادا کرتی ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ انسانی اعمال اور عقائد کے باہمی تعلق کو بیان کریں اور توحید کے عبادات پر اثرات واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ عبادت کے فلسفے کی وضاحت کریں اور بیان کریں کہ عبادت انسان کے نفس اور اخلاق کی اصلاح میں کس طرح مددگار ہوتی ہے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

سوال نمبر 1۔ روزہ کا فلسفہ واضح کریں اور بتائیں کہ روزہ نفس کی اصلاح، خواہشات کے اعتدال اور تزکیۂ نفس میں کیا کردار ادا کرتا ہے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حج کے اثرات بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ عبادت عقائد، عبادات، اخلاق اور معاملات پر کیسے اثرانداز ہوتی ہے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ تزکیہ نفس کے عملی اقدامات بیان کریں اور محاسبہ نفس، توبہ، استغفار اور ضبط نفس کے کردار پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اخلاق کیا ہیں اور انسان کی زندگی میں ان کی کیا اہمیت ہے؟ قرآن و حدیث کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اخلاق رذیلہ کیا ہیں اور یہ انسان کے نفس پر کیسے اثرانداز ہوتے ہیں؟ مثالیں دیں۔ (20)